SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

November 21, 2017

***For immediate release***

## ایس ای سی پی نے پاکستان سٹاک ایکس چینج سے ٹریڈنگ ڈیٹاافشاء ہونے کے معاملہ پر تحقیقات کا حکم دے دیا

اسلام آباد(نومبر 21) سیکورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے سٹاک ایکس چینج میں ٹریڈنگ سے متعلقہ معلومات کے افشا کے معاملہ پر تحقیقات کا حکم دے دیا ہے۔اس حوالے سے مختلف شکایات موصول ہونے پر کمیشن نے فوری طور پر تحقیقات کے لئے ٹیم تشکیل دے دی گئی ہے جیسے کہ۔ تحقیقاتی ٹیم معلومات اور ڈیٹا کے غیر قانونی افشاء کے ذرائع اور ذمہ دار افراد یا گروہ کی نشان دہی کرے تاکہ انہیں انہیں قرارواقعی سز ا دی جاسکے۔ تحقیقاتی ٹیم صوررت حال کی بہتری کے لئے سفار شارت بھی دے گی۔

ایس ای سی پی یقین رکھتا ہے کہ سرمایہ کاروں کے اعتماد کے حوالے سے سٹاک ایکس چینج کا ٹریڈنگ ڈیٹا اور معلومات انتہائی اہمیت اور تقدس کا حامل ہے اور اس ڈیٹا اور معلومات کا غیر قانونی افشاء اور اس ڈیٹا تک غیر قانونی رسائی متعلقہ قوانین کے تحت ایک مجرمانہ فعل ہے۔اس قسم کی رسائی اور اس کا افشاء سرمایہ کاروں کے لئے تقصان دہ ہے بلکہ بعض اوقات ان کو خطرات سے بھی دوچار کر سکتا ہے۔ ایس ای سی پی سرمایہ کاروں کے حقوق کے تحفظ کے لئے پر عزم ہے اور اس حوالے سے کسی بھی سرگرمی کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9100495